★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ تعمیرِ وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 318 بروز ہفتہ 15 اگست 2026ء کم ربیع الاول 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

نیشنل پارٹی کی سابق رکن صوبائی اسمبلی یاسمین لہڑی کے والد حاجی نور احمد لہڑی گزشتہ شب رہا ہو کر اپنے گھر پہنچ گئے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کی سابق رکن صوبائی اسمبلی یاسمین لہڑی کے والد حاجی نور احمد لہڑی گزشتہ شب رہا ہو کر اپنے گھر پہنچ گئے ہیں ذرائع کے مطابق حاجی نور احمد لہڑی گزشتہ ایک ماہ سے لاپتہ تھے جو گزشتہ شب با حفاظت اپنے گھر پہنچ گئے ہیں۔

ایل او سی پر پاک فوج کے جوانوں کا یوم آزادی پر قوم کے نام پیغام، دفاع وطن کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (آن لائن) یوم آزادی کے موقع پر لائن آف کنٹرول (ایل او سی) پر وطن کی حفاظت کے لیے مامور پاک فوج کے جوانوں نے قوم کو جشن آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے ملکی سلامتی، دفاع اور خودمختاری کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ جوانوں نے شہداء کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ وطن کے دفاع کے لیے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔

صدر مملکت کا اسپیکر بلوچستان اسمبلی کے صاحبزادے کے انتقال پر اظہار افسوس

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کے صاحبزادے شاہ اللہ خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ صدر مملکت (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 10)

آئین کی پاسداری کو ہر صورت برقرار رکھنا ریاستی اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے، جسٹس کامران خان ملاخیل

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ میں یوم آزادی پاکستان کے موقع پر ایک پروقار پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل نے عدالت عالیہ کے لان میں قومی پرچم لہرایا۔ تقریب میں بلوچستان ہائی کورٹ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

بلاول بھٹو زرداری کا یوم آزادی پر ویڈیو پیغام، آزادی ہر گھر تک پہنچانے پر زور

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے وطن عزیز کے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر اپنے ویڈیو پیغام میں قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کو آزاد ہوئے 79 سال گزر چکے ہیں اور صرف 21 سال بعد (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 8)

پاکستان کے ساتھ دفاعی معاہدے اس کے بڑھتے ہوئے عالمی مقام اور اہمیت کا مظہر ہیں۔ ان کامیابیوں پر صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں

پاکستان تاقیامت ہے اور رہے گا، کسی کا باپ پاکستان کو نہیں توڑ سکتا، وزیراعلیٰ بلوچستان

بندوق کے زور پر کسی نظریے کو مسلط نہیں کیا جا سکتا، دہشت گرد عناصر نے بلوچ قوم کو ایک لاحاصل جنگ میں دھکیل رکھا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا 79 ویں جشن آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان نے 79 برس کے سفر میں زیرو سے آغاز کرتے ہوئے دنیا میں اپنا نمایاں مقام بنایا، آج پاکستان ایک ایٹمی قوت ہے اور دنیا پاکستان کی طرف دیکھ رہی ہے۔ پاکستان کے ساتھ دفاعی معاہدے اس کے بڑھتے ہوئے عالمی مقام اور اہمیت کا مظہر ہیں۔ ان کامیابیوں پر صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، ان کی قیادت میں پاکستان ترقی کی منازل طے کر رہا ہے۔ یوم آزادی کے موقع پر بلوچستان اسمبلی کے سبزہ زار میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے مخصوص حالات ہیں، تاہم آج پورے صوبے میں ضلع سے ڈویژن تک (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کے دوران گفتگو کر رہے ہیں، جو ان سے ایوان صدر میں ملے تھے

صدر مملکت، وزیراعظم اور مسلح افواج کے تینوں سربراہان کی قوم کو جشن آزادی کی مبارکباد، پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے محافظ کی حیثیت سے ملکی دفاع کے عزم کا اعادہ

وفاقی دارالحکومت میں 31، صوبائی دارالحکومتوں میں 21 توپوں کی سلامی، مزار قائد پر گارڈز کی تبدیلی کی پروقار تقریب، مساجد میں ملکی سلامتی، ترقی، امن اور خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں

ملک بھر میں 79 واں یوم آزادی ملی جوش و جذبے سے منایا گیا

کراچی، لاہور، اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان اور حیدر آباد سمیت مختلف شہروں میں شہریوں نے بڑی تعداد میں سڑکوں کا رخ کیا اور ریلیوں، آتش بازی اور دیگر تقریبات کے ذریعے آزادی کا جشن منایا

اسلام آباد / کوئٹہ / کراچی / پشاور / راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کا 79 واں یوم آزادی ملک بھر میں قومی جوش و جذبے اور تجدید عہد کے ساتھ منایا گیا۔ دن کا آغاز وفاقی دارالحکومت اور صوبائی دارالحکومتوں میں توپوں کی سلامی اور مساجد میں ملکی سلامتی، ترقی، امن اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعاؤں سے ہوا، جبکہ رات 12 بجتے ہی ملک کے مختلف شہروں میں جشن آزادی کی تقریبات، چراغاں اور آتش بازی کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ ملک کے بڑ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 5)

پاکستان بدلتے عالمی نظام میں اہم 'سوئنگ پاور' کے طور پر ابھر رہا ہے، فنانشل ٹائمز

امریکا، چین، خلیجی ریاستوں اور ایران سے بیک وقت روابط تزویراتی فائدہ ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (آن لائن) معروف برطانوی اخبار فنانشل ٹائمز نے اپنی ایک رپورٹ میں پاکستان کو بدلتے ہوئے عالمی نظام میں تیزی سے ابھرتی ہوئی اہم 'سوئنگ پاور' قرار دیا ہے، جو مختلف عالمی طاقتوں اور طاقت کے مراکز کے ساتھ بیک وقت روابط قائم کر کے انہیں اپنے قومی اور تزویراتی مفادات کے لیے استعمال کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ رپورٹ کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 7)

زیارت، نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے دو افراد کو قتل اور دو کو زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) زیارت کے علاقے میں نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے دو افراد کو قتل اور دو کو زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے واقع کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ اور پولیس موقع پر پہنچ گئی نعشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 6)

وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس

پٹرول اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کے ڈیلرز مارجن میں نظرثانی منظور کر لی گئی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں پٹرولیم شعبے سمیت مختلف معاشی امور پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں پٹرولیم مصنوعات کے ڈیلرز کے مارجن میں نظرثانی کی منظوری دے دی گئی۔ اجلاس کے دوران پٹرولیم ڈویژن کی جانب سے پیش کردہ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 4)

ہرنائی، نامعلوم افراد نے بارودی مواد سے پولیس چوکی کو اڑا دیا تاہم جانی نقصان نہیں ہوا

کوئٹہ (آن لائن) ہرنائی کے علاقے میں نامعلوم افراد نے بارودی مواد سے پولیس چوکی کو اڑا دیا تاہم جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز ہرنائی 5 میل پولیس چوکی کو نامعلوم ملزمان نے دھماکہ خیز مواد نصب کر کے دھماکے سے اڑا دیا بتایا جاتا ہے کہ دوسری 22 (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 3)

مستونگ، صوبائی وزیر داخلہ کے قافلے پر حملہ سیکورٹی پر مامور 4 اہلکار زخمی

فورسز اور مقامی انتظامیہ نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کر دی

صوبائی وزیر داخلہ معجزانہ طور پر محفوظ رہے جوابی کارروائی پر حملہ آور فرار ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے میں نامعلوم ملزمان کی جانب سے صوبائی وزیر داخلہ کے قافلے پر حملے کے نتیجے میں انکی سیکورٹی پر مامور 4 سیکورٹی اہلکار زخمی ہو گئے جبکہ صوبائی وزیر داخلہ معجزانہ طور پر محفوظ رہے جوابی کارروائی پر حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے سیکورٹی فورسز اور مقامی انتظامیہ نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 2)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان اسمبلی میں 79 ویں جشن آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

مختلف علاقوں میں قومی پرچموں سے سجی ریلیاں، شرکاء کے "پاکستان زندہ باد" کے نعروں سے فضا گونج اٹھی

بلوچستان میں جشن آزادی کی ریلیاں، شہریوں کا والہانہ جوش و خروش

جشن آزادی کے موقع پر بلوچستان کے عوام نے پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا

مختلف مقامات پر جشن آزادی کے حوالے سے منعقدہ تقریبات میں شہریوں نے قومی پرچم لہرا کر وطن سے اپنی محبت کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) یوم آزادی کے موقع پر ملک کے دیگر صوبوں کی طرح بلوچستان بھی سبز ہلالی پرچم کے رنگ میں رنگ گیا، صوبے کے مختلف علاقوں میں جشن آزادی کی تقریبات اور ریلیوں کا سلسلہ جاری رہا۔ تربت، خاران، تفتان سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں میں قومی پرچموں سے سجی ریلیاں نکالی گئیں، جن میں شہریوں نے بھرپور شرکت کی اور وطن سے والہانہ محبت کا اظہار کیا۔ ریلیوں کے شرکاء نے "پاکستان زندہ باد" کے نعرے لگائے اور قومی یکجہتی کا بھرپور اظہار کیا۔ مختلف مقامات پر جشن آزادی کے حوالے سے منعقدہ تقریبات میں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 11)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وزیراعظم کی کوآرڈینیٹر برائے ماحولیات رومینہ خورشید کو روایتی بلوچی شال پہنا رہے ہیں

چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس محمد کامران ملاخیل 79 ویں جشن آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

وطن کے دفاع، سلامتی اور خودمختاری کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کو قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے

عسکری و سیاسی قیادت کی شہداء اور غازیوں کے اہلخانہ سے خصوصی ملاقات

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، صدر مملکت اور وزیراعظم پاکستان شہداء و غازیوں کے اہلخانہ میں گھل مل گئے، قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا

اسلام آباد (آن لائن) یادگار فتح کی شاندار افتتاحی تقریب کے دوران عسکری و سیاسی قیادت نے شہداء اور غازیوں کے اہلخانہ سے خصوصی ملاقات کی۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، صدر مملکت اور وزیراعظم پاکستان شہداء و غازیوں کے اہلخانہ میں گھل مل گئے اور ان کی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 12)

وزیراعظم شہباز شریف سے ناروے کے وزیر خارجہ کی ملاقات

تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، ٹیکنالوجی اور موسمیاتی تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان اور ناروے کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور باہمی تجارت و سرمایہ کاری کے فروغ پر زور دیتے ہوئے نارویجن کمپنیوں کو پاکستان کے تیل و گیس کے شعبے میں سرمایہ کاری کی دعوت د (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 14)

پاکستان عظیم قربانیوں، جدوجہد اور بے مثال عزم کا ثمر ہے، بلال خان کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان عظیم قربانیوں، جدوجہد اور بے مثال عزم کا ثمر ہے، یوم آزادی ہمیں اپنے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 13)

ہم سب کو مل کر اپنے وطن عزیز کی سلامتی اور خوشحالی کیلئے کام کرنا ہے، وزیر داخلہ

آج کا دن ہمارے اور تمام اہل وطن کے لیے انتہائی اہم اور خوشی کا دن ہے، خطاب

کوئٹہ (خ ن) 14 اگست یوم آزادی پاکستان کے تقریبات کے سلسلے میں ضلعی انتظامیہ قلات کی جانب سے شاندار اور پروقار ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کی قیادت صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ ایس پی قلات سید زاہد حسین (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 15)

صوبائی وزیر خوراک و فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ کا یوم آزادی کے موقع پر پیغام

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ پاکستان "لا الہ الا اللہ" کی بنیاد پر معرض وجود میں آیا اور (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 16)

پاکستان، برطانیہ تعلقات میں مثبت پیش رفت پر اطمینان، زیر التوا مسائل کے حل کے لیے مذاکرات و سفارت کاری پر زور

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر مکمل عملدرآمد ضروری ہے، اسحاق ڈار

برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ کی نائب وزیراعظم سے ملاقات، دونوں ممالک کے درمیان مسلسل اعلیٰ سطحی روابط کی اہمیت پر زور دیا

اسلام آباد (آن لائن) برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور برطانیہ کے دوطرفہ تعلقات، باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی و عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اسحاق ڈار نے پاکستان اور برطانیہ کے تعلقات میں مثبت پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور دونوں ممالک کے درمیان مسلسل اعلیٰ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 25)

اسحاق ڈار کی پاکستان، سویڈن اقتصادی تعلقات مزید مستحکم کرنے پر زور

قابل تجدید توانائی سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار سے سویڈن کے لیے نامزد پاکستانی سفیر احمد امجد علی نے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور سویڈن (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 30)

بارکھان / رکھنی: 79 واں یوم آزادی ملی جوش و جذبے سے منایا گیا

پاکستان کی آزادی بزرگوں کی لازوال قربانیوں کا ثمر ہے، اس لیے ہمیں قومی اتحاد، یکجہتی اور بھائی چارے کو فروغ دینا ہوگا

بارکھان (پ ر) بارکھان / رکھنی میں پاکستان کا 79 واں یوم آزادی قومی جوش و جذبے اور شاندار انداز میں منایا گیا۔ اس سلسلے میں منعقدہ پروقار تقریب میں کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی نے قومی پرچم لہرایا، جبکہ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی۔ تقریب کا آغاز قومی ترانے سے ہوا، جس میں ڈی آئی جی کوہ سلیمان رینج ایاز احمد بلوچ، ایڈیشنل کمشنر عبدالباسط بزدار، ضلعی افسران، قبائلی عمائدین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ یوم آزادی کی مناسبت سے کمشنر مجیب الرحمٰن قمبرانی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 29)

جشن آزادی کے موقع پر مون سون شجرکاری مہم کا باقاعدہ افتتاح کمشنر آفس کے احاطے میں کیا گیا

درخت قدرت کا قیمتی تحفہ اور ماحول کے تحفظ کی ضمانت ہیں، صادق عمرانی

شجرکاری کو قومی فریضہ سمجھتے ہوئے زیادہ سے زیادہ پودے لگائے جائیں اور ان کی حفاظت و نگہداشت بھی یقینی بنائی جائے

نصیر آباد (خ ن) جشن آزادی کے موقع پر مون سون شجرکاری مہم کا باقاعدہ افتتاح کمشنر آفس نصیر آباد کے احاطے میں کیا گیا، ڈپٹی کنزرویٹر فارسٹ نصیر آباد نعیم لہڑی کی سربراہی میں شجرکاری مہم کے حوالے سے تمام تر انتظامات مکمل کیے گئے، اس موقع پر صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن و رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان لہڑی، کمشنر نصیر آباد ڈویژن (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 17)

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے اجلاس 17 اگست کو طلب، اہم قانون سازی متوقع

حکومت اہم مشترکہ دفاعی معاہدے کے حوالے سے بھی پارلیمنٹ کو اعتماد میں لے گی

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے اجلاس 17 اگست کو طلب کر لیے ہیں، جہاں اہم قانون سازی سمیت متعدد سرکاری امور زیر بحث آئیں گے۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق حکومت اہم مشترکہ دفاعی معاہدے کے حوالے سے بھی پارلیمنٹ کو اعتماد میں لے گی۔ وزیراعظم کی ایڈوائس پر سینیٹ کا اجلاس پیر 17 اگست کو شام 4 بجے طلب کیا گیا ہے، جبکہ قومی اسمبلی کا اجلاس اسی روز شام 5 بجے شروع ہوگا۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق دونوں ایوانوں کے اجلاسوں میں حکومت کی جانب سے مختلف سرکاری بلز قانون سا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 24)

میر سرفراز بگٹی کی اسپیکر بلوچستان کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے ان کے بیٹے کے انتقال پر تعزیت

چمن (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آج چمن میں اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی رہا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 28)

تربت بازار میں موٹر سائیکل میں نصب دھماکہ خیز مواد پھٹنے سے بچے سمیت 3 راہگیر زخمی

کوئٹہ (آن لائن) تربت بازار میں موٹر سائیکل میں نصب دھماکہ خیز مواد پھٹنے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 27)

جشن آزادی: رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ کی قیادت میں مسلم لیگ ن کوئٹہ کے زیر اہتمام ریلی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ ن ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر شاندار ریلی نکالی گئی، جس کی قیادت پاکستان مسلم لیگ ن بلوچستا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 26)

پاکستان دہشتگردی اور دنیا کے درمیان دیوار بن کر کھڑا ہے، محسن نقوی

افغانستان کی سرزمین مسلسل پاکستان میں دہشتگردی کے لیے استعمال ہو رہی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ افغانستان کی سرزمین مسلسل پاکستان میں دہشتگردی کے لیے استعمال ہو رہی ہے، پاکستان دنیا اور دہشتگردی کے درمیان دیوار بن کر کھڑا ہے، عالمی برادری کو دہشتگردی کے مکمل سدباب کے لیے مل کر موثر اقدامات کرنا ہوں گے۔ غیر قانونی امیگریشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اختیار کی گئی ہے اور اس کے موثر سدباب کے لیے قانونی امیگریشن کو فروغ دینا انتہائی اہم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وزارت داخلہ میں ناروے کے وزیر خارجہ اسپین بارتھ ایڈے سے ملاقات (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 23)

پاکستان اور ایران کی دوستی اور بھائی چارہ ہمیشہ قائم رہے گا، ایرانی قونصل جنرل

پشاور (آن لائن) گورنر ہاؤس پشاور میں یوم آزادی کے موقع پر منعقدہ پرچم کشائی کی پروقار تقریب میں ایران کے قونصل جنرل علی بنفشہ خواہ نے پاکستان کے عوام بالخصوص خیبر پختونخوا کے عوام کو جشن آزادی کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اور ایران کے درمیان تاریخی، برادرانہ اور دوستانہ تعلقات مزید مضبوط (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 18)

پٹرولیم لیوی سے ہدف سے 99 ارب روپے زائد وصول

قرضوں پر سود کی مد میں 6 ہزار 947 ارب روپے ادا کیے گئے، وزارت خزانہ

اسلام آباد (آن لائن) وزارت خزانہ کی دستاویز کے مطابق مالی سال 2025-26 کے دوران حکومت نے پٹرولیم لیوی کی مد میں مقررہ ہدف سے 99 ارب روپے زائد وصول کیے۔ پٹرولیم لیوی کی مد میں 1 ہزار 468 ارب روپے کے ہدف کے مقابلے میں 1 ہزار 567 ارب روپے اکٹھے کیے گئے۔ دستاویز کے مطابق گزشتہ مالی سال کے دوران ٹیکس اور نان ٹیکس آمدن مجموعی طور پر 19 ہزار 773 ارب روپے رہی، جبکہ آئی ایم ایف کی شرط کے تحت پرائمری بیلنس 3 ہزار 634 ارب روپے سرپلس ریکارڈ کیا گیا۔ اخراجات میں کمی اور پٹرولیم لیوی کی مد میں اضافی وصولیوں کے باعث پرائمری بیلنس ہدف سے زائد سرپلس رہا۔ وزارت خزانہ کے مطابق (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 19)

بلوچستان پاکستان کا اہم اور ناقابل تقسیم حصہ ہے، آئی جی پولیس

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں جشن یوم آزادی کے مناسبت سے پرچم کشائی کی

قابل ستائش اور باعث تقلید بھی ہے جن کی ان گنت قربانیوں کی بدولت آج ہم آزاد اور پروقار حیثیت سے سانس لے رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے یوم آزادی پاکستان کے موقع پر سینٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں جشن یوم آزادی کی مناسبت سے پرچم کشائی کی آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر نے پوری قوم بالخصوص صوبے کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 14 اگست ہمیں آزادی کی عظیم نعمت کے علاوہ قومی عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سینٹرل پولیس آ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 22)

آزادی عظیم نعمت، قدر و حفاظت مشترکہ قومی ذمہ داری ہے، یوسف رضا گیلانی

چیئرمین سینیٹ کا قومی پرچم کو سلام، پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور قومی یکجہتی کے عزم کا اعادہ

پاکستان کی ترقی اور خوشحالی پوری قوم کی اجتماعی ذمہ داری ہے

اسلام آباد (آن لائن) 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر پاکستان مونومنٹ اسلام آباد میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے قومی پرچم کو سلام پیش کرتے ہوئے پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور قومی یکجہتی کے عزم کا اعادہ کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے تقریب میں شرکت کرتے ہوئے کہا کہ آزادی ایک عظیم (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 21)

پاکستان کی آزادی ایک تاریخی نعمت ہے، میر یونس عزیز زہری

ملک و قوم کی ترقی، امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کی جائیں گی، خطاب

خضدار میں بھی 79 واں یوم آزادی ملی جوش و جذبے، قومی یکجہتی اور وطن سے والہانہ محبت کے عزم کے ساتھ منایا گیا

خضدار (خ ن) ملک بھر کی طرح خضدار میں بھی 79 واں یوم آزادی ملی جوش و جذبے، قومی یکجہتی اور وطن سے والہانہ محبت کے عزم کے ساتھ منایا گیا۔ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام پروقار تقریب منعقد ہوئی، قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری کمشنر قلات ڈویژن قادر بخش پرکانی ڈی آئی جی قلات رینج وزیر خان ناصر کمانڈنٹ قلات سکاؤٹ کرنل عرفان ایس ایس پی خضدار ر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 20)

• ABC CERTIFIED •
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

پاکستان کا 79 برس کے سفر

پاکستان نے 79 برس کے سفر میں زیرو سے آغاز کرتے ہوئے دنیا میں اپنا نمایاں مقام بنایا، آج پاکستان ایک ایٹمی قوت ہے اور دنیا پاکستان کی طرف دیکھ رہی ہے۔ پاکستان کے ساتھ دفاعی معاہدے اس کے بڑھتے ہوئے عالمی مقام اور اہمیت کا مظہر ہیں۔ ان کامیابیوں پر صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، ان کی قیادت میں پاکستان ترقی کی منازل طے کر رہا ہے یوم آزادی کے موقع پر بلوچستان اسمبلی کے سبزہ زار میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے مخصوص حالات ہیں، تاہم آج پورے صوبے میں ضلع سے ڈویژن، گاؤں سے تحصیل تک جس جوش و جذبے کے ساتھ جشن آزادی منایا گیا، وہ اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ بلوچستان کے عوام پاکستان سے اپنی وابستگی اور محبت کا بھرپور اظہار کر رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جو عناصر یہ سمجھتے ہیں کہ بلوچستان پاکستان سے جدا ہو رہا ہے یا دہشت گرد تشدد کے ذریعے پاکستان کو توڑنے میں کامیاب ہو جائیں گی، وہ احمقوں کی جنت میں رہتے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان کے عوام نے آج اپنے عمل سے ان تمام منفی دعووں کی نفی کر دی ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریاست اور حکومت کے دروازے ہمیشہ کھلے رہے ہیں اور آئندہ بھی کھلے رہیں گے۔ آج یوم آزادی کے موقع پر ایک مرتبہ پھر دعوت دیتے ہیں کہ تشدد اور دہشت گردی کا راستہ ترک کر کے قومی دھارے میں واپس آیا جائے۔ بندوق کے زور پر کسی نظریے کو مسلط نہیں کیا جا سکتا، دہشت گرد عناصر نے بلوچ قوم کو ایک لاحاصل جنگ میں دھکیل رکھا ہے، انہیں یہ راستہ ترک کرنا ہوگا انہوں نے کہا کہ اگر تشدد کا راستہ ترک نہیں کیا جاتا تو ریاست کی رٹ ہر صورت قائم کی جائے گی۔ اس مقصد کے لیے حکومت بلوچستان، سیکیورٹی فورسز، افواج پاکستان اور بلوچستان پولیس کسی صورت ایک قدم پیچھے ہٹنے کے لیے تیار نہیں۔ ریاست کی حاکمیت کے قیام کے لیے جو بھی قربانی دینا پڑی، دی جائے گی اور جو بھی ضروری اقدامات کرنا پڑے، کیے جائیں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ حکومت کسی بھی جائز سیاسی عمل اور مذاکرات کے لیے ہمیشہ تیار ہے، تاہم ایسے عناصر سے مذاکرات نہیں ہو سکتے جو معصوم شہریوں کا قتل عام کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں ایسے تنازعات کے حل کی مثالیں موجود ہیں، مگر ان میں مذاکرات سیاسی عمل کا حصہ بننے والی قوتوں سے ہوئے، دہشت گرد گروہوں سے نہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے اور حکومت بلوچستان اس مقصد کے لیے متعدد اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ وقت دور نہیں جب بلوچستان کی نوجوان نسل مکمل طور پر ریاست کے ساتھ مربوط ہوگی۔ اس مقصد کا بنیادی ذریعہ میرٹ کی بنیاد پر مواقع فراہم کر کے بلوچستان کو پہلے سے بہتر بنایا گیا ہے اور آئندہ بھی اسے مزید بہتر بنانے کے لیے اقدامات جاری رہیں گے وزیراعلیٰ نے بلوچستان پولیس، افواج پاکستان، ایف سی بلوچستان اور تمام سویلین شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہداء کے خاندانوں کو یقین دلاتے ہیں کہ ان کا دکھ پورے بلوچستان کا دکھ ہے۔ ان کے پیاروں نے جو عظیم قربانی دی ہے، اسے تا قیامت یاد رکھا جائے گا اور ریاست ہمیشہ ان کے مقدس خون کی قرض دار رہے گی۔ میر سرفراز بگٹی اور شرکاء نے بلوچستان اسمبلی کے اسپیکر کے جوان سال صاحبزادے کے انتقال پر بھی گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ وزیراعلیٰ نے یوم آزادی کی تقریب کے انعقاد پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی، ان کی ٹیم، چیف سیکرٹری، سیکرٹری صوبائی اسمبلی، سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی، اور دیگر منتظمین کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے تقریب میں شرکت کرنے والے خواتین و حضرات، بچوں اور تمام مہمانوں کا بھی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی دیگر صوبائی اسمبلیوں، سینیٹ، قومی اسمبلی، گلگت بلتستان، پنجاب، سندھ اور کشمیر سے آنے والے معزز مہمانوں کی یوم آزادی کی تقریب میں شرکت اتحاد و یکجہتی کا واضح پیغام ہے۔ بلوچستان پاکستان کا دل ہے، بلوچستان کے بغیر پاکستان نامکمل ہے اور پاکستان کے بغیر بلوچستان کی کوئی تکمیل نہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دعا ہے اللہ تعالیٰ پاکستان میں پائیدار امن قائم فرمائے تاکہ معاشرے کے تمام طبقات سکون اور امن کے ساتھ زندگی بسر کر سکیں۔ انہوں نے قوم اور اہل بلوچستان کو ایک بار پھر یوم آزادی کی مبارکباد پیش کی میر سرفراز بگٹی نے مختلف اسکولوں سے تقریب میں شریک بچوں کی جانب سے ملی نغموں کی پیشکش کو سراہتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کے لیے 10 لاکھ روپے دینے کا اعلان بھی کیا۔

بقیہ 01

... تحصیل تک جس جوش و جذبے کے ساتھ جشن آزادی منایا گیا، وہ اس امر کا واضح ثبوت ہے کہ بلوچستان کے عوام پاکستان سے اپنی وابستگی اور محبت کا بھرپور اظہار کر رہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جو عناصر یہ سمجھتے ہیں کہ بلوچستان پاکستان ...

کے اسپیکر کے جوان سال صاحبزادے کے انتقال پر بھی گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ وزیراعلیٰ نے یوم آزادی کی تقریب کے انعقاد پر اسپیکر بلوچستان اسمبلی، ان کی ٹیم، چیف سیکرٹری، سیکرٹری صوبائی اسمبلی، سیکرٹری ...

بقیہ 01

ہے کہ پاکستان کے مختلف علاقوں، خصوصاً پشتونخوا کے عوام کی ایک بڑی تعداد کو شناختی دستاویزات کے حصول اور تصدیق کے عمل میں غیر ضروری مشکلات کا سامنا ہے۔ ایسے خاندان جن کے پاس کئی دہائیوں پرانے سرکاری ریکارڈ، دستاویزات یا 1979 سے پہلے کے مطلوبہ ثبوت موجود نہیں، انہیں محض اس بنیاد پر شناختی مسائل سے دوچار کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ پارٹی نے کہا کہ 1979 سے پہلے کے ثبوت کو لازمی قرار دینا زمینی حقائق، تاریخی حالات اور عام شہریوں کی مشکلات کو نظرانداز کرنے کے مترادف ہے۔ دیہی اور قبائلی علاقوں میں کئی خاندانوں کے پاس پرانے سرکاری ریکارڈ محفوظ نہ رہنے کی متعدد وجوہات ہیں، جبکہ ماضی میں ریکارڈ رکھنے کا نظام بھی آج کے معیار کے مطابق منظم اور جامع نہیں تھا۔ اس لیے ہر شہری سے کئی دہائیاں پرانا دستاویزی ثبوت طلب کرنا ایک غیر عملی اور غیر منصفانہ طریق کار ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کا مطالبہ ہے کہ 1979 سے پہلے کے ثبوت کی شرط ختم یا اس میں فوری طور پر ترمیم کرتے ہوئے کم از کم 1985 سے پہلے کے قابل قبول سرکاری ثبوت کو تسلیم کیا جائے اور ایسے تمام شہریوں کے لیے آسان، شفاف اور قابل عمل طریق کار وضع کیا جائے جو اپنی شہریت اور شناخت ثابت کرنے کے لیے دستیاب قانونی دستاویزات پیش کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ پارٹی نے واضح کیا کہ شناختی کارڈ کسی بھی شہری کا بنیادی قانونی اور شہری حق ہے۔ شناختی دستاویزات کے حصول میں غیر ضروری رکاوٹیں نہ صرف شہریوں کو سرکاری، تعلیمی، معاشی اور روزگار کے مواقع سے محروم کرتی ہیں بلکہ بینکاری، سفری سہولیات، جائیداد، سرکاری خدمات اور دیگر بنیادی معاملات میں بھی شدید مشکلات پیدا کرتی ہیں۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے حکومت پاکستان اور نادرا سے مطالبہ کیا ہے کہ پشتون عوام کے خلاف کسی بھی امتیازی یا غیر عملی طریق کار کو فوری طور پر ختم کیا جائے، نادرا کے تصدیقی نظام کو عوام دوست، شفاف اور یکساں بنایا جائے اور ایسے خاندانوں کے لیے خصوصی سہولت مراکز قائم کیے جائیں جن کے پاس پرانے ریکارڈ دستیاب نہیں۔ پارٹی نے کہا کہ اگر کسی شہری کے بارے میں قانونی یا دستاویزی اعتراض موجود ہو تو اس کی انفرادی بنیادوں پر مکمل تحقیقات کی جائیں، لیکن تمام پشتون شہریوں کو ایک ہی سخت معیار کے تحت مشکلات میں ڈالنا انصاف کے بنیادی اصولوں کے منافی ہے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کارکنان اور عوامی حلقوں کی جانب سے تمام اراکین اسمبلی اور سینیٹرز سے بھی پرزور اپیل کی گئی ہے کہ وہ اس اہم عوامی مسئلے کو قومی اسمبلی کے فلور پر موثر انداز میں اٹھائیں، حکومت اور متعلقہ اداروں سے اس پالیسی کی وضاحت طلب کریں اور 1979 سے پہلے کے ثبوت کی شرط میں ترمیم کر کے 1985 سے پہلے کے ثبوت کو قابل قبول بنانے کے لیے پارلیمانی سطح پر بھرپور آواز اٹھائیں۔ پارٹی نے کہا کہ اس مسئلے کا حل صرف چند افراد نہیں بلکہ لاکھوں متاثرہ پشتون شہریوں کے لیے شناخت، شہریت اور بنیادی شہری حقوق کے حصول میں آسانی پیدا کر سکتا ہے۔ اس لیے حکومت پاکستان اور نادرا کو چاہیے کہ وہ عوامی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے فوری اور مثبت فیصلہ کریں۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی مطالبہ کرتی ہے کہ 1979 سے پہلے کے ثبوت کی لازمی شرط پر فوری نظر ثانی کی جائے۔ کم از کم 1985 سے پہلے کے قابل قبول سرکاری ثبوت کو تسلیم کیا جائے۔ شناختی کارڈ کے زیر التوا معاملات کو شفاف اور تیز رفتار طریقے سے نمٹایا جائے۔ شہریوں کو غیر ضروری تفتیش، تاخیر اور دفتری رکاوٹوں سے نجات دلائی جائے۔ پرانے ریکارڈ سے محروم خاندانوں کے لیے متبادل قانونی طریق تصدیق متعارف کرایا جائے۔ نادرا کے تمام مراکز پر شہریوں کے ساتھ یکساں اور غیر امتیازی سلوک یقینی بنایا جائے۔ حکومت پاکستان اس مسئلے کو قومی اسمبلی میں زیر بحث لا کر مستقل اور قابل عمل حل پیش کرے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے خبردار کیا کہ عوام کے بنیادی شہری حقوق کے حصول میں غیر ضروری رکاوٹیں پیدا کرنے والی کسی بھی پالیسی کو قبول نہیں کیا جائے گا اور پارٹی آئینی، جمہوری اور پارلیمانی ذرائع سے پشتون عوام کے جائز حقوق کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ #/s#

بقیہ 02

افسران نے ایک دوسرے کو یوم آزادی کی مبارکباد پیش کی اور وطن عزیز کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور سلامتی کے لیے خصوصی دعائیں اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ڈائریکٹر جنرل ایکسائز نارتھ زون محمد ایوب ہزارہ نے کہا کہ محکمہ ایکسائز کے افسران و اہلکار قومی جذبے کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں اور عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ صوبے میں قانون کی عملداری اور حکومتی امور کی موثر انجام دہی میں اپنا کردار جاری رکھیں گے۔ تقریب کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 03

کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی تقریب سے سیکرٹری پاپولیشن ظفر بلیدی، یو این ایف پی اے کی مس سعدیہ، ریجنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ پاپولیشن ڈیپارٹمنٹ کے پرنسپل ڈاکٹر کو کینے بھی خطاب کیا انہوں نے کہا کہ ہمارا یہ آزاد وطن ایک جہد مسلسل، اسلاف کے کارناموں اور شہداء کی قربانیوں کا ثمر ہے پاکستان لاکھوں جانوں کی قربانیوں سے معرض وجود میں آیا ہے ہمیں اس آزادی کی قدر کرنا ہوگی اور اس ملک و ملت کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ پرنس احمد عمر احمدزئی نے کہا کہ تحریک پاکستان کی جدوجہد قائد اعظم کی ولولہ انگیز قیادت میں مملکت خداداد پاکستان کے قیام کی صورت میں مکمل ہوئی اس ملک کے قیام میں ہم لاکھوں مسلمانوں کا لہو شامل ہے سب کو پاکستان کے قومی دن پر عہد کرنا ہوگا کہ ہم ملک کی سالمیت، خوشحالی اور ترقی کیلئے جدوجہد کریں۔ انہوں نے کہا کہ وطن عزیز کو حاصل کرنے کیلئے ہمارے بزرگوں نے بیشمار قربانیاں دیں اور بڑی جدوجہد کے بعد پاکستان دنیا کے نقشہ پر نمودار ہوا اب یہ ہماری ذمہ داری بنتی ہے کہ ہمارے آباؤ اجداد نے جن مقاصد کے حصول کیلئے ایک آزاد ملک حاصل کیا اس کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ یوم آزادی ہمیں پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کا پیغام دیتی ہے ہمیں قومی یکجہتی کو فروغ دیتے ہوئے ملک کی تعمیر و ترقی میں بھرپور حصہ لینا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمارے بزرگوں کی جدوجہد اور قربانیوں کا حاصل ہے، اس کی ترقی اور خوشحالی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے نوجوان نسل کو قیام پاکستان کے مقاصد اور قومی اقدار سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی آزادی ہمارے لیے باعث فخر اور اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے ہمیں سیاسی و ذاتی اختلافات سے بالاتر ہو کر ملکی ترقی اور قومی یکجہتی کے لیے متحد ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ایک مضبوط اور منظم

معصوم اور بے گناہ شہریوں کو نقصان پہنچانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت عمل ہے، پارلیمانی سیکرٹری

دہشتگردی اور تشدد کی کسی بھی شکل کو برداشت نہیں کیا جا سکتا، اصغر رند

حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ اور علاقے میں امن وامان کے قیام کے لیے تمام ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے

تربت (خ ن) پارلیمانی سیکریٹری برائے انرجی میر اصغر رند نے تربت شہر میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب ہونے والے دھماکے اور اس کے نتیجے میں شہریوں کے زخمی ہونے کے واقعے کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں میر اصغر رند نے کہا کہ دہشت گردی اور تشدد کی کسی بھی شکل کو برداشت نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ معصوم اور بے گناہ شہریوں کو نقصان پہنچانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت عمل (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 15)

آزادی سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں، ولی محمد نورزئی

جو قومیں آزادی کی قدر نہیں کرتیں وہ صفحہ ہستی سے مٹ جاتی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ چیمبر آف سال انڈسٹری کے پیٹرن انچیف حاجی جمعہ خان، گروپ چیئرمین حاجی ولی محمد نورزئی، ڈائریکٹر ٹی ڈیپ نور علی اچکزئی، کوئٹہ چیمبر آف سال انڈسٹری کے سینئر نائب صدر تاج محمد بڑیچ نے کہا ہے کہ آزادی سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں، جو قومیں آزادی کی قدر نہیں کرتیں وہ صفحہ ہستی سے مٹ جاتی ہیں۔ 79 سال قبل آج کے دن مملکت خداداد پاکستان معرض وجود میں آیا ہم سب کو مل کر ملک و قوم کی تعمیر و ترقی میں کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منسٹری آف کامرس اور کوئٹہ چیمبر آف سال انڈسٹری کے اشتراک سے 79 ویں (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 16)

کوئٹہ میں ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے کوئٹہ ریجنل آفس نے یوم آزادی قومی جوش و جذبے سے منایا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میں ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان کے کوئٹہ ریجنل آفس نے یوم آزادی قومی جوش و جذبے سے منایا۔ تقریب کوئٹہ چیمبر آف سال ٹریڈ زاینڈ سال انڈسٹری میں منعقد کی گئی جس کا آغاز پرچم کشائی سے ہوا۔ اس کے بعد کیک کاٹا گیا اور ملک کی سلامتی، تر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 14)

آزادی ہمارے بزرگوں کی لازوال قربانیوں کا ثمر ہے، عبدالمجید بادینی

ضلع جعفرآباد میں جشن آزادی کی تقریبات کا آغاز اللہ تعالیٰ کے حضور دعاؤں سے کیا گیا

پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے ہر شہری کو اپنی ذمہ داری احسن انداز میں ادا کرنی چاہیے

جعفرآباد (خ ن) ضلع جعفرآباد میں جشن آزادی کی تقریبات کا آغاز اللہ تعالیٰ کے حضور دعاؤں سے کیا گیا، بعد ازاں ڈپٹی کمشنر آفس جعفرآباد میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے ایس اینڈ جی اے ڈی انجینئر عبدالمجید بادینی اور ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے دیگر افسران کے ہمراہ قومی پرچم لہرایا، پولیس کے چاق و چوبند دستے نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی، تقریب (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 13)

کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور قائم مقام اسپیکر صوبائی اسمبلی محترمہ غزالہ گولہ 79 ویں جشن آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب میں شریک ہیں

ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے زیر اہتمام شاندار جشن آزادی ریلی

پاکستان ہماری پہچان اور ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، مقررین

ہمیں اتحاد، نظم وضبط اور قومی جذبے کے ساتھ ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا

کوئٹہ (خ ن) یوم آزادی کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے زیر اہتمام شاندار جشن آزادی ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس کی قیادت ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے کی۔ ریلی ڈپٹی کمشنر آفس سے شروع ہو کر سریناچوک تک نکالی گئی۔ ریلی میں سول سوسائٹی، عوامی نمائندگان، سرکاری افسران و اہلکاران اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکائے تو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 11)

آزادی عظیم نعمت ہے ہمیں اس کی قدر کرنی چاہیے، کمشنر ژوب

آزاد قومیں اپنا یوم آزادی شان وشوکت سے مناتے ہیں، آصف علی فرخ

ژوب (خ ن) یوم آزادی کی مناسبت سے صبح کمشنر آفس میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی کمشنر ژوب ڈویژن آصف علی فرخ نے پرچم کشائی کی تقریب میں ڈپٹی کمشنر ژوب عارف زرکون ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ اسسٹنٹ کمشنر نوید عالم ایس پی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 10)

1979 سے پہلے کے ثبوت کو لازمی قرار دینا زمینی حقائق، تاریخی حالات اور عام شہریوں کی مشکلات کو نظرانداز کرنے کے مترادف ہے

نادرا کی 1979 سے پہلے کے ثبوت کی شرط غیر منصفانہ اور عوام دشمن ہے، پشتونخوا نیپ

شناختی مسائل کے حل کیلئے 1985 سے پہلے کے قابل قبول ثبوت تسلیم کیے جائیں، نادرا مراکز پر شفاف اور غیر امتیازی طریقہ کار اپنایا جائے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے نادرا کی جانب سے پشتون عوام کے شناختی کارڈ، شہریت اور دیگر شناختی دستاویزات کے معاملات میں 1979 سے پہلے کے ثبوت پیش کرنے کی شرط کو انتہائی سخت، غیر منصفانہ اور عوام دشمن پالیسی قرار دیتے ہوئے حکومت پاکستان اور نادرا سے مطالبہ کیا ہے کہ اس پالیسی پر فوری نظرثانی کی جائے اور عوام کو درپیش مشکلات کا خاتمہ کیا جائے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کہا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 1)

پاکستان ایک عظیم نعمت ہے، ڈی جی ایکسائز نارتھ زون

79 ویں یوم آزادی کے موقع پر ایکسائز نارتھ زون میں کیک کٹنگ کی تقریب

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل ایکسائز نارتھ زون محمد ایوب ہزارہ نے کہا ہے کہ یوم آزادی ہمیں اپنے بزرگوں کی لازوال قربانیوں اور جدوجہد کی یاد دلاتا ہے پاکستان ایک عظیم نعمت ہے اور اس کی ترقی و خوشحالی کے لیے ہر شہری کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 79 ویں یوم آزادی کی مناسبت سے محکمہ ایکسائز نارتھ زون کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کیک کاٹا۔ تقریب میں ڈائریکٹر ایکسائز نصیر اللہ مندوخیل سمیت محکمہ ایکسائز کے افسران اور اہلکار شریک تھے۔ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 2)

قیام پاکستان لاکھوں قربانیوں کا ثمر، آزادی کی حفاظت قومی ذمہ داری ہے، عبدالشکور مری

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عبدالشکور مری نے کہا ہے کہ قیام پاکستان لاکھوں مسلمانوں کی بے مثال قربانیوں، جدوجہد اور لازوال عزم کا نتیجہ ہے۔ وطن عزیز ہمیں بڑی قربانیوں کے بعد ملا، اس لیے اس کی آزادی، خودمختاری (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 12)

14 اگست پاکستانیوں کیلئے تجدید عہد کا دن ہے، پرنس احمد عمر احمدزئی

ہمیں سیاسی و ذاتی اختلافات سے بالاتر ہو کر ملکی ترقی اور قومی یکجہتی کے لیے متحد ہونا ہوگا، خطاب

ہم سب کو مل کر ملک وقوم کی ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، پارلیمانی سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ و بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما پرنس احمد عمر احمدزئی نے کہا ہے کہ جو قومیں آزادی جیسی نعمت کی قدر نہیں کرتیں وہ صفحہ ہستی سے مٹ جایا کرتی ہیں، 14 اگست پاکستانیوں کیلئے تجدید عہد کا دن ہے ہم سب کو مل کر ملک وقوم کی ترقی کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو جشن آزادی کی مناسبت سے ریجنل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ پاپولیشن ڈیپارٹمنٹ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 3)

قلات: صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو اور اے ڈی سی شاہنواز بلوچ ضلعی انتظامیہ کے زیرنگرانی یوم آزادی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کمانڈر ناصر خان بڑیچ کی 14 اگست پر قوم کو مبارک باد

14 اگست کا دن شہدائے تحریک پاکستان کی لازوال قربانیوں کو یاد کرنے کا دن ہے

کوئٹہ (پ ر) ایم کیو ایم پاکستان کے صوبائی نائب صدر بلوچستان کمانڈر ناصر خان بڑیچ نے اپنے ایک پیغام میں 79 ویں یوم جشن آزادی کے موقع پر دنیا بھر میں بسنے والے پاکستانیوں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 14 اگست کا دن جہاں ہمارے اسلاف اور شہدائے تحریک پاکستان کی لازوال قربانیوں کو یاد کرنے کا دن ہے، وہیں یہ ملک کو درپیش معاشی و انتظامی چیلنجز سے نکالنے کے لیے "تجدید عہد" کا تقاضا بھی کرتا ہے۔ پاکستان کی آباد (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 20)

قلات میں بھی یوم آزادی قومی جوش و جذبے سے منایا گیا

قلات (خ ن) ملک بھر کی طرح قلات میں بھی یوم آزادی قومی جوش و جذبے سے منائی گئی ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ڈی سی کمپلیکس میں پرچم کشائی کی منعقدہ مرکزی تقریب میں وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے خصوصی طور پر شرکت کی اور پرچم کشائی کی ضلعی پولیس کے چاق و چوبند دستے نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر شاہنواز بلوچ ایس پی قلات سید زاہد حسین شاہ ڈی ایس پی ماہیوال خان و دیگر ضلعی آفیسران قبائلی و سیاسی عما (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 19)

عبدالصمد نیچاری دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے

قلات (آن لائن) عبدالصمد ولد عبدالکریم نیچاری حب چوکی میں دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے وہ ریٹائرڈ لیویز رسالدار بابو محمد حسن نیچاری، حاجی عبداللہ نیچاری کے چھو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 17)

عبدالصمد گورگیج اور انجینئر ہادی عسکری کی قیادت میں جشن آزادی کی مناسبت سے پارٹی کے دفتر سے ریلی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی ہزارہ ٹاؤن کے زیر اہتمام پارلیمانی سیکرٹری عبدالصمد گورگیج اور انجینئر ہادی عسکری کی قیادت میں جشن آزادی کی مناسبت سے پارٹی کے دفتر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 18)

پاکستان کے استحکام، سلامتی اور مضبوطی کیلئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، سعید الحسن

سعید الحسن مندوخیل اور شائل خان مندوخیل کی قیادت میں یوم آزادی کے موقع پر ریلی

ریلی کے شرکاء پاکستان کے حق میں نعرہ بازی کرتے ہوئے پرامن طور پر منتشر ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما، سابق سینیٹر سعید الحسن مندوخیل اور شائل خان مندوخیل کی قیادت میں یوم آزادی کے موقع پر رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل کے دفتر سے ریلی نکالی جس میں پارٹی کے کارکنوں کی بڑی تعداد شریک تھیں جنہوں نے سبز ہلالی پرچم اٹھا رکھے تھے ریلی مختلف شاہراہوں سے ہوتی سریناچوک پر پہنچی جہاں پر شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج کا دن ہمیں آزادی کی یاد دلاتا ہے کیونکہ آزاد وطن میں ہم سانس لے رہے ہیں اور یہ آزادی ہمارے بزرگوں نے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 21)

الہیان کاسی روڈ کی گورنمنٹ پرائمری اسکول شالدرہ کے قیمتی بلڈنگ کے مسمار پر اظہار تشویش

تمام متعلقہ حکام واقعے کی فوری، شفاف اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کرائی جائیں، علاقہ مکینوں کا مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) اہلیان بلوچی اسٹریٹ، کاسی روڈ نے گورنمنٹ مڈل پرائمری سکول شالدرہ کی قیمتی عمارت مبینہ طور پر بلاجواز مسمار کیے جانے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ واقعہ کی فوری، شفاف اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور قومی خزانے کو نقصان پہنچانے کے ذمہ دار افراد کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اہلیان بلو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 4)

سبی میں یوم آزادی کی پروقار پرچم کشائی تقریب، ضلعی افسران اور شہریوں کی بھرپور شرکت

سبی (خ ن) یوم آزادی پاکستان کے موقع پر سرکٹ ہاؤس سبی میں ایک پروقار پرچم کشائی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 9)

یوم آزادی کے موقع پر ڈسٹرکٹ اسمبلی ہال ڈیرہ مراد جمالی میں پروقار تقریب

ہزاروں افراد کا پاکستان سے محبت قومی یکجہتی اور وطن کی ترقی وخوشحالی کے عزم کا اظہار

نصیرآباد (خ ن) ضلعی انتظامیہ نصیرآباد کے زیر اہتمام یوم آزادی کے موقع پر ڈسٹرکٹ اسمبلی ہال ڈیرہ مراد جمالی میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل، ضلعی افسران، سیاسی و سماجی شخصیات طلباء اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس موقع (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 5)

مری ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی سے میر امداد حسین مری کی قیادت میں شاندار ریلی نکالی گئی

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر مری ہاؤس ڈیرہ مراد جمالی سے میر امداد حسین مری کی قیادت میں شاندار ریلی نکالی گئی، جس میں بڑی تعداد میں سیا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 8)

دہشتگردی کی کسی بھی شکل کو برداشت نہیں کیا جا سکتا، برکت علی رند

معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے، پارلیمانی سیکرٹری

تربت (خ ن) پارلیمانی سیکریٹری برائے فشریز حاجی معتبر برکت علی رند نے 14 اگست، یوم آزادی کے موقع پر تربت شہر میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب ہونے والے دھماکے اور اس کے نتیجے میں شہریوں کے زخمی ہونے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم شہریوں کو نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ دہشت گردی کی کسی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 6)

کیٹررز اور خوراک و مشروبات فراہم کرنے والوں کیلئے سیلز ٹیکس کی شرح 15 فیصد مقرر

کوئٹہ (خ ن) کیٹررز اور خوراک و مشروبات فراہم کرنے والوں کیلئے سیلز ٹیکس کی شرح 15 فیصد مقرر بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) نے کیٹررز اور خوراک و مشروبات فراہم کرنے والے سروس پرووائیڈرز کو آگاہ کیا ہے کہ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 7)

صوبائی وزراء، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور آئی جی پولیس 79 ویں جشن آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب میں قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

عوام کا تحفظ اور بلوچستان کا پُرامن مستقبل ہر سیاسی و سماجی قوت کی اولین ترجیح ہونی چاہیے، رحمت صالح بلوچ

بلوچستان پہلے ہی کئی دہائیوں سے سیاسی، معاشی اور سماجی مشکلات کا شکار ہے، نیشنل پارٹی

منفی عناصر اپنے مذموم عزائم کے ذریعے بلوچستان میں خوف و ہراس کی فضا قائم کرنا چاہتے ہیں، ڈپٹی پارلیمانی لیڈر

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے تربت میں دھماکے اور مستونگ میں وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے وزیر داخلہ کے محفوظ رہنے پر اطمینان کا اظہار کیا انہوں نے کہا ہے کہ بے گناہ اور نہتے لوگوں کو نشانہ بنانے والے کسی صورت بلوچستان کے خیرخواہ نہیں منفی عناصر عوام میں خوف و ہراس پیدا کر کے صوبے کو مزید بدامنی، پسماند (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 22)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی جشن آزادی کی مناسبت سے نکالی گئی ریلی کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

یوم آزادی پاکستان کی مناسبت سے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے علاقائی دفتر ژوب میں ایک پروقار تقریب

ژوب (آن لائن) یوم آزادی پاکستان کی مناسبت سے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے علاقائی دفتر ژوب میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر وزیر خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی تقریب میں ریجنل اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمد نوید قمر ماہرین (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 23)

نوجوان پاکستان کا روشن مستقبل ہیں، حبیب احمد بنگلزئی

آج کا دن ہمیں اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے، ڈی سی چمن

چمن (خ ن) ملک بھر کی طرح سرحدی شہر ضلع چمن میں بھی پاکستان کا 79 واں یوم آزادی ملی جوش و جذبے، قومی وحدت اور حب الوطنی کی بھرپور فضا میں منایا گیا۔ اس (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 25)

مستونگ میں 79 واں یوم آزادی قومی جوش و جذبے کیساتھ منایا گیا

مستونگ (خ ن) ملک بھر کی طرح ضلع مستونگ میں بھی 79 واں یوم آزادی قومی جوش و جذبے کیساتھ منایا گیا اس سلسلے میں پرچم کشائی کی مرکزی تقریب ڈپٹی کمشنر مستونگ بہرام سلیم کی سربراہی میں ڈسٹرکٹ کمپلیکس شاہی باغ میں منعقد ہوا، بعدازاں یادگار شہدا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 24)

ملک کے دیگر شہروں کی طرح نوکنڈی میں جشن آزادی منایا گیا

جشن آزادی بھرپور قومی جذبے، جوش وخروش اور حب الوطنی کے ساتھ منائیں

نوکنڈی (خ ن) ملک کے دیگر شہروں کی طرح تحصیل نوکنڈی میں بھی جشن آزادی منایا گیا تفصیلات کے مطابق رائفلز نوکنڈی ہیڈکوارٹر میں جشن آزادی پاکستان کے سلسلے میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں بریگیڈیئر عامر خلیل، سابق چیئرمین سینیٹ و رکن اسمبلی حاجی صادق سنجرانی، قبائلی و سماجی عمائدین اور سرکاری افسران نے شرکت کیا جبکہ حاجی صادق سنجرانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان ہمارے بزرگوں کی لازوال قربانیوں کا ثمر ہے ملک کی سلامتی، استحکام اور ترقی کے لیے قوم کو متحد ہو کر کردار ادا کرنا ہوگا۔ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 27)

بارکھان میں پاکستان کا 79 واں یوم آزادی ملی جوش وجذبے اور شایان شان انداز میں منایا گیا

بارکھان (خ ن) ملک بھر کی طرح ضلع بارکھان میں بھی پاکستان کا 79 واں یوم آزادی ملی جوش وجذبے اور شایان شان انداز میں منایا گیا۔ اس سلسلے میں گورنمنٹ ماڈل ہائی اسکول بارکھان میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 29)

کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی نے قومی پرچم لہرایا

بارکھان، جشن آزادی کے موقع پر رکھنی میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب

بارکھان (خ ن) جشن آزادی کے موقع پر رکھنی میں پرچم کشائی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی نے قومی پرچم لہرایا۔ تقریب میں ڈی آئی جی کوہ سلیمان رینج ایاز بلوچ، ضلعی و ڈویژنل انتظامیہ کے افسران، پولیس حکام اور قبائلی عمائدین سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر پولیس کے چاق و چوبند دستے نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی، جبکہ شرکاء نے قومی پرچم کی سربلندی اور ملکی سلامتی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 31)

گورنمنٹ ہائی اسکول عمر گوٹھ میں جشن آزادی کی پروقار تقریب

اتحاد کو شعار بنا کر پاکستان کو مضبوط و خوشحال بنایا جا سکتا ہے، ہیڈ ماسٹر

لسبیلہ (آن لائن) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان عالیانی اور صوبائی مشیر لسبیلہ نوابزادہ زرین خان مگسی کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ کی زیرنگرانی گورنمنٹ ہائی اسکول عمر گوٹھ، تحصیل کنراج میں یوم آزادی پاکستان کے سلسلے میں ایک شاندار، پروقار اور جذبہ حب الوطنی سے سرشار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلباء، اساتذہ اور اسکول انتظامیہ نے بھرپور جوش وخروش کے ساتھ شرکت کی۔ تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر کنراج محترمہ کشش چوہدری نے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 26)

ڈی سی کمپلیکس میں 79 یوم آزادی کی مناسبت سے پرچم کشائی، کیک کاٹا گیا

دالبندین (خ ن) ڈی سی کمپلیکس میں 79 یوم آزادی کی مناسبت سے پرچم کشائی، کیک کاٹا گیا چاغی کے صدر مقام دالبندین میں یوم آزادی کی مناسبت سے ڈپٹی کمشنر کمپلیکس میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جہاں ڈپٹی کمشنر چاغی جہانزیب نور شاہوانی کی قیادت (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 28)

ڈیرہ بگٹی کی تاریخ میں جشن آزادی کی شاندار اور پرمسرت تقریبات، عوام کا والہانہ جوش وخروش

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے بھائی میر آفتاب خان بگٹی کی زیر قیادت بیکو میں پروقار تقریب

ڈیرہ بگٹی (خ ن) جشن آزادی پاکستان کے موقع پر ضلع ڈیرہ بگٹی کی تاریخ میں پہلی مرتبہ اس قدر وسیع پیمانے پر شاندار اور پرمسرت تقریبات کا انعقاد کیا گیا، جن میں ضلع کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں شہریوں نے بھرپور شرکت کر کے پاکستان سے اپنی والہانہ محبت، عقیدت اور وابستگی کا اظہار کیا۔ جشن آزادی کے سلسلے میں ڈیرہ بگٹی کے مختلف علاقوں میں قومی پرچم کشائی کی تقریبات، شاندار ریلیوں، میوزیکل پروگرامز، ثقافتی سرگرمیوں اور آتش بازی کے مظاہروں کا انعقاد کیا گیا۔ تقریبات میں سیاسی و قبائلی عمائدین، سرکاری افسران، نوجوانو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 30)

آزادی بڑی نعمت ہے الحمدللہ آج پورے ملک میں یوم آزادی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے

پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے دیکھنے والوں کو منہ توڑ جواب دیا جائیگا، فیصل جمالی

پوری قوم کو 79 ویں جشن آزادی مبارک ہو قائداعظم محمد علی جناح اور ہمارے اکابرین نے عظیم جدوجہد کر کے یہ وطن حاصل کیا ہے

اوستہ محمد (خ ن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے جشن آزادی کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم کو 79 ویں جشن آزادی مبارک ہو قائداعظم محمد علی جناح اور ہمارے اکابرین نے عظیم جدوجہد کر کے یہ وطن حاصل کیا ہے اور آج تجدید عہد کا دن ہے صوبائی وزیر سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا پاکستان نے دنیا میں نمایاں مقام بنایا ہے اور پاکستان ایٹمی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 38)

سابق صوبائی وزیر سردار نثار ہزارہ، ایئر کموڈور (ریٹائرڈ) شوکت حیدر چنگیزی، چیئرمین نادر علی ہزارہ اور دیگر تنظیم نسل نو ہزارہ کے زیر اہتمام جشن آزادی اور تعلیمی کارکردگی ایوارڈ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

حقیقی استحکام کی ضمانت اسلامی نظام کے نفاذ میں ہے، جمعیت (ف)

ریاستی نظام کو اسلامی اصولوں کے مطابق استوار کیا جائے، مولانا عبدالرحمٰن

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری مالیات حاجی صالح محمد، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر سرفراز شاہوانی، میر حشمت لہڑی، سیٹھ اجمل بازئی، سالار مولوی علی جان، مولانا سید سعداللہ آغا اور مولوی نقیب اللہ ملاخیل نے کہا ہے کہ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 39)

سی ڈی سی کے ممبران صرف سی ڈی سی تک محدود نہیں، عبدالسلام

نوکنڈی (آن لائن) ریکوڈک میں مقامی نوجوانوں کو نظرانداز کرنے کا الزام، عبدالسلام بارانزئی مینگل کا سخت ردعمل نوکنڈی کے رہائشی عبدالسلام بارانزئی مینگل نے اپنے ایک سخت بیان میں کہا ہے کہ ریکوڈک منصوبے میں مقامی نوجوانوں کے ساتھ مبینہ ناانصافی اور حق تلفی کا سلسلہ ناقابل برداشت حد تک پہنچ چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کا سلیکشن (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 40)

79 واں یوم آزادی ملی جوش وجذبے، قومی یکجہتی اور وطن سے والہانہ محبت کے عزم کے ساتھ منایا گیا

اورالائی (خ ن) پاکستان کا 79 واں یوم آزادی ملی جوش وجذبے، قومی یکجہتی اور وطن سے والہانہ محبت کے عزم کے ساتھ منا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 37)

ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کا عبدالخالق اچکزئی سے جوان سال فرزند کی وفات پر گہرے غم و افسوس کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) نیشنل پارٹی کے مرکزی سربراہ اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 36)

پاکستان عظیم نعمت، بزرگوں کی لازوال قربانیوں کا ثمر ہے: پیٹر چارلس

کرسچن کمیونٹی نے پاکستان بنانے سمیت ملکی سلامتی اور دفاع کیلئے بے مثال قربانیاں دی ہیں

ہماری آزادی اور خودمختاری آئی ایم ایف کے ہاتھ گروی رکھ دی گئی ہے: تقریب سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مائنارٹیز موومنٹ کے چیئرمین پیٹر چارلس سہوترا نے کہا ہے کہ پاکستان خدا کی ایک عظیم نعمت اور ہمارے بزرگوں کی لازوال قربانیوں کا ثمر جبکہ ہماری آن، بان، شان اور پہچان ہے، کرسچن کمیونٹی نے پاکستان بنانے سمیت ملکی سلامتی اور دفاع کیلئے بے مثال قربانیاں دی ہیں، یوم آزادی محض جشن کا دن نہیں بلکہ اپنے بزرگوں کی لازوال (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 35)

تحصیل لہڑی میں 14 اگست جشن آزادی کے موقع پر آزادی ریلی شایان شان طریقے سے نکالی گئی

تحصیل لہڑی (آن لائن) تحصیل لہڑی میں 14 اگست جشن آزادی کے موقع پر آزادی ریلی شایان شان طریقے سے نکالی گئی، جس کی سربراہی یونین کونسل لہڑی کے چیئرمین میر شاہمرید خان ڈومکی نے کی۔ ریلی میں عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے پاکستان زندہ باد (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 34)

حاجی صادق سنجرانی کی قیادت میں عظیم الشان کار ریلی کا انعقاد

آزادی ایک عظیم نعمت ہے، جس کی قدر اور حفاظت ہم سب کی قومی ذمہ داری ہے

چاغی (خ ن) نوکنڈی میں جشن آزادی کے موقع پر سابق چیئرمین سینیٹ و رکن اسمبلی حاجی صادق سنجرانی کی قیادت میں عظیم الشان کار ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں ہزاروں گاڑیوں کے ہمراہ شہریوں، نوجوانوں، قبائلی عمائدین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ جشن آزادی کار ریلی سنجرانی ہاؤس سے روانہ ہوئی اور نوکنڈی کی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی واپس سنجرانی ہاؤس پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں قومی پرچم تھام رکھے تھے جبکہ پاکستان زندہ باد کے نعروں سے فضا گونجتی رہی۔ اس مو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 32)

بلوچستان ٹینس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام یوم آزادی کے سلسلے میں ٹینس گالا کا انعقاد کیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان ٹینس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام یوم آزادی کے سلسلے میں ٹینس گالا کا انعقاد کیا گیا ہے۔ اس موقع پر آل بلوچستان ٹینس ٹورنامنٹ، ٹریننگ ڈک کوچنگ کیمپ، ٹینس ٹورنامنٹ برائے جونیئر منعقد کیا گیا جس میں صوبے بھر کے کھلاڑیوں (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 33)

کوئٹہ، بلوچستان اسمبلی میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، قائمقام اسپیکر غزالہ گولہ، صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ، رکن قومی اسمبلی پشین بلوچ، صوبائی مشیر نسیم الرحمٰن ملاخیل، پارلیمانی سیکرٹری ریحانہ کمار، حاجی ولی محمد نورزئی، چیف سیکرٹری، آئی جی پولیس اور دیگر اعلیٰ حکام 79 ویں جشن آزادی کے موقع پر قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com